SECURITIES & EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN

Press Release
For immediate Release
January 20, 2017

## آڈٹ اوور سائٹ بورڈ کا پہلا اجلاس

اسلام آباد، ۲۰ جنوری: ڈاکٹر طارق حسن کی صدارت میں آڈٹ اوور سائٹ بورڈ (اے او بی) کا پہلا اجلاس کراچی میں منعقد ہوا۔ اجلاس میں بورڈ کے تمام اراکین احمد سعید، محمد نعیم، فاریسہ جعفری احسان، شاہد غفار، طارق اقبال خان اور آصف عثمان خان نے شرکت کی۔

اراکین نے اے او بی کو سونپے گئے اختیارات اور کارہائے منصبی پر تفصیلی گفتگو کی اور آڈٹ اوور سائٹ کی ذمہ داریاں بہترین انداز میں انجام دینے کے لئے مستقبل کے لائحہ عمل کا جائزہ لیا۔

انسانی وسائل کی ضروریات سمیت انتظامی معاملات پر بھی تفصیل سے بات کی گئی۔ اراکین نے چیئرمین کو سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن پاکستان (ایس ای سی پی)، سٹیٹ بینک پاکستان (ایس بی پی) اور انسٹی ٹیوٹ آف چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس آف پاکستان (آئی کیپ) کے ساتھ قانون کے مطابق معاونت حاصل کرنے کا اختیار بھی تفویض کیا۔ اجلاس کے اختتام پر اراکین نے اے او بی کے قیام کے لئے سہولت فراہم کرنے پر ایس ای سی پی اور آئی کیپ کا شکریہ ادا کیا۔ چیئرمین ایس ای سی پی ظفر حجازی نے تمام ارکان سے ملاقات کی۔ ارکان نے بورڈ کی تشکیل کے سلسلے میں ان کی خدمات کو سراہا اور انہیں مکمل تعاون کی یقین دہانی کرائی۔

یاد رہے کہ اے او بی ملک میں آڈٹ کے شعبے کو منظم کرنے کے لئے ایس ای سی پی ایکٹ ۱۹۹۷ کے تحت قائم کیا گیا ادارہ ہے۔ اس کے کارہائے منصبی میں پبلک انٹرسٹ کمپنیوں کے آڈٹ کی خواہشمند کمپنیوں کی رجسٹریشن اور ڈی۔رجسٹریشن، اور انسٹی ٹیوٹ آف چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس آف پاکستان (آئی کیپ) کے کوالٹی ایشورنس بورڈ کی نگرانی اور جائزہ شامل ہیں۔

Securities and Exchange Commission of Pakistan
NICL Building, 63 Jinnah Avenue, Islamabad
Shakil Ahmad Chaudhary
0302-8552254